# 27-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی کابینہ نے سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔

۲۔سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کا وداعی سفر کل صبح 09:30 بجے کانگریس پارٹی ہیڈ کوارٹرس نئی دہلی سے شروع ہوگا۔

۳۔تلنگانہ ہائی کورٹ نے فارمولہ ای۔ریس میں مبینہ بے ضابطگیوں کے کیس میں بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ کو آئندہ منگل تک گرفتاری سے راحت دی ہے۔

۴۔تلنگانہ میں واقع آندھرا پردیش گرامین وکاس بینک کی تمام 493 شاخیں یکم جنوری 2025ء سے تلنگانہ گرامین بینک میں ضم ہوجائیں گی۔

○○

سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کا وداعی سفر کل صبح 09:30 بجے کانگریس پارٹی ہیڈ کوارٹرس نئی دہلی سے کریمیشن گراؤنڈ تک ہوگا۔کانگریس پارٹی کے جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے جانکاری دی کہ سابق وزیراعظم کا جسد خاکی آج ان کی رہائش گاہ واقع نئی دہلی میں آخری دیدار کے لئے رکھا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ منموہن سنگھ کا جسد خاکی کل صبح کانگریس دفتر منتقل کیا جائے گا جہاں پر بھی پارٹی ورکرس اور عوام آنجہانی لیڈر کو اپنا خراج پیش کرسکتے ہیں۔

○○

مرکزی کابینہ نے سابق وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا اور کہا کہ ملک ایک مدبر سیاست دان، ماہر معاشیات اور ایک قدآور لیڈر سے محروم ہوگیا ہے۔ مرکزی کابینہ نے دومنٹ کی خاموشی اختیار کرتے ہوئے آنجہانی لیڈر کو خراج عقیدت پیش کیا اور ایک تعزیتی قرارداد بھی منظور کی۔قرارداد میں کہا گیا کہ ڈاکٹر منموہن سنگھ نے قومی زندگی پر اپنے نقوش چھوڑے ہیں۔قرارداد میں کہا گیا کہ ڈاکٹر منموہن سنگھ نے سال 1991 سے 1996 تک ملک کے وزیر خزانہ کی حیثیت سے ملک میں اقتصادی اصلاحات لانے میں نمایاں رول ادا کیا۔قرارداد میں آنجہانی لیڈر کی تعلیمی خدمات، سرکاری ونجی زندگی کے پہلوؤں کو بھی اجاگر کیا گیا۔ڈاکٹر منموہن سنگھ کی آخری رسومات سرکاری اعزاز کے یساتھ انجام دی جائیں گی اور اس روز مرکزی دفاتر اور سی پی ایس یوز کو آدھے دن کی تعطیل رہے گی۔

○○

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکر اور وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دہلی میں ڈاکٹر منموہن سنگھ کی رہائش گاہ پہنچ کر آنجہانی لیڈر کو خراج عقیدت پیش کیا۔بعد میں اپنے ایک ویڈیو پیام میں وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ڈاکٹر منموہن سنگھ کے انتقال سے ملک کو گہرا صدمہ ہوا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ منموہن سنگھ کی زندگی نئی نسل کے لئے ایک مثال رہے گی کہ کس طرح لوگ جدوجہد کے ذریعے بلند مرتبے حاصل کرسکتے ہیں۔مرکزی وزراأمیت شاہ، جے پی نڈا، راج ناتھ سنگھ، جوتر آدتیہ سندھیا، کانگریس کی سابق صدر سونیا گاندھی، لوک سبھا میں قائد اپوزیشن راہول گاندھی، کانگریس صدر ملکارجن کھرگے سمیت دیگر شخصیات نے سابق وزیراعظم کے گھر پہنچ کر ان کا دیدار کیا اور خراج عقیدت پیش کیا۔سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند نے اپنے تعزیتی پیام میں کہا کہ ڈاکٹر منموہن سنگھ، منکسرالمز اج تھے۔

○○

ریاستی وزیر انڈومنٹ کونڈا سریکھا نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ تلنگانہ سے ترو ملا جانے والے شردھالوؤں کو پیش آ رہی مشکلات کو حل کرنے کے لئے آندھرا پردیش حکومت مثبت کردار ادا کرے گی۔ ریاستی وزیر نے آج اپنے ارکانِ خاندان کے ساتھ سری سیلم میں واقعہ سری برہمار مبا ملکا ارجنا سوامی ورلا دیواستھانم میں بھگوان کے درشن کئے۔ کونڈا سریکھا نے اِس موقع پر کہا کہ دونوں تلگو ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کی ہدایت پر تلنگانہ کے شردھالوؤں کے مسائل حل کرنے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

○○

بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا نے 3 جنوری کو سماجی اصلاح کار ساوتری بائی بھولے کی یوم پیدائش کے موقع پر حیدرآباد کے دھرنا چوک پر مہا دھرنا کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس دھرنے کے دوران گزشتہ اسمبلی انتخابات کے دوران کانگریس کی جانب سے مجالس مقامی انتخابات میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات کے وعدہ پر عمل اور کاما ریڈی بی سی ڈکلریشن کے نفاذ کا مطالبہ کیا جائے گا۔ 40 سے زیادہ بی سی تنظیموں کے نمائندوں سے اپنی رہائش گاہ پر ملاقات کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے کویتا نے انتخابی وعدے وفا نہ کرنے پر کانگریس کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

○○

تلنگانہ ہائی کورٹ نے فارمولہ ای۔ ریس میں مبینہ بے ضابطگیوں کے کیس میں بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ کو آئندہ منگل تک گرفتاری سے راحت دی ہے۔ اے سی بی کی جانب سے 55 کروڑ روپے کے فنڈس کا بیجا استعمال اور مجرمانہ اعتماد کی خلاف ورزی کے الزامات کے تحت تارک راما راؤ کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ کے ٹی آر نے اے سی بی کی اس درخواست کے خلاف عدالت سے رجوع کیا تھا۔ اے سی بی نے تارک راما راؤ کے خلاف اس کیس میں ایف آئی آر بھی درج کی ہے۔ اِس کیس میں تارک راما راؤ کو اہم ملزم بنایا گیا ہے جبکہ بلدی نظم و نسق و شہری ترقی کے سابق پرنسپل سکریٹری اروند کمار اور ایچ ایم ڈی اے کے سابق انجینئر بی ایل این ریڈی کو بھی ملزم بنایا گیا ہے۔

○○

اسٹیٹ سرپنچ جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے آج سوریہ پیٹ میں مہاتما گاندھی مجسمہ کے سامنے ایک عرضی پیش کرتے ہوئے سابق سرپنچوں کے واجب الادا رقومات کی ادائیگی کے لئے ریاستی حکومت کی توجہ مبذول کروائی۔ اِس موقع پر سابق سرپنچوں نے کہا کہ ترقیاتی کاموں میں تیزی لانے اور علاقائی مسائل کو حل کرنے کے لئے انہوں نے اپنی جیب سے رقم خرچ کی تھی۔ سابق سرپنچوں نے ان کے واجب الادا بلز فوری منظور کرنے کا مطالبہ کیا۔

○○

آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین کے صدر و حیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی نے سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا۔ اسد اویسی نے سابق وزیر اعظم کی موت کو ہندوستان کے لئے عظیم نقصان قرار دیا۔ اپنے تعزیتی پیام میں انہوں نے کہا کہ تقسیم ہند کا ایک رفیو جی آر بی آئی گورنر، وزیر خزانہ اور وزیر اعظم کے باوقار عہدہ پر فائز رہا۔ ان کی زندگی سب کے لئے تحریک کا سبب رہے گی۔

○○

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے ڈاکٹر منموہن سنگھ کے انتقال پر گہرے صدمہ کا اظہار کیا۔ اپنے پیام میں گورنر نے کہا کہ ڈاکٹر منموہن سنگھ ہندوستان کی سیاسی تاریخ میں سب سے قد آور لیڈر رہے ہیں۔انہوں نے اپنے کیریئر کے دوران جس عہدہ پر بھی خدمات انجام دیں اس پر اپنے انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے دہلی پہنچ کر سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ کا آخری دیدار کیا۔ دہلی پہنچ کر ریونت ریڈی نے آنجہانی لیڈر کے جسد خاکی پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔

○○

بی آر ایس کا ایک وفد سابق وزیر اعظم کی آخری رسومات میں شرکت کرے گا۔تلنگانہ کے سابق وزیر اعلیٰ و بی آر ایس سربراہ کے چندر شیکھر راؤ کی ہدایت پر پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ، بی آر ایس ارکان پارلیمنٹ کے ایک وفد کی قیادت کریں گے۔اس موقع پر سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ نے کہا کہ تلنگانہ تحریک کے دوران منموہن سنگھ نے علیحدہ ریاست کے لئے بھرپور ساتھ دیا تھا۔

○○

تلنگانہ گرامین بینک کی چیر پرسن وائی شو بھا نے اعلان کیا ہے کہ تلنگانہ میں واقع آندھرا پردیش گرامین وکاس بینک کی تمام 493 شاخیں یکم جنوری 2025ء سے تلنگانہ گرامین بینک میں ضم ہو جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ مرکزی حکومت کی اس پہل کے بعد کیا گیا ہے جس میں تمام ریاستوں میں رورل بینکنگ خدمات کو موثر بنایا جائے اور ایک ریاست، ایک رورل بینک کے خیال کو فروغ دیا جائے۔ شو بھا نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ اے پی جی وی بی میں برسر خدمت ملازمین کی خدمات حسب معمول جاری رہیں گی۔توقع کی جارہی ہے کہ اس انضمام سے کارکردگی میں بہتری آئے گی اور ٹی جی پی کو اپنی 928 شاخوں میں تقریباً 70 ہزار کروڑ روپے کے بزنس کی امید رہے گی۔

○○

سندھیا تھیٹر حیدر آباد میں پیش آئے بھگدڑ واقعہ کیس میں نامپلی عدالت نے ٹالی ووڈ اداکار الوارجن کی ضمانت کی عرضی پر سماعت کو ملتوی کر دیا ہے۔ الوارجن نے انہیں باقاعدہ ضمانت دینے کی عدالت سے گزارش کی ہے۔پولیس کی جانب سے جواب داخل کرنے کے لئے اضافی وقت مانگنے پر عدالت نے کیس کی سماعت کو 10 جنوری 2025ء تک ملتوی کر دیا۔